RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۸	روز پنجشنبہ تاریخ ۲۸ نومبر ۱۹۱۲ء مطابق ۷ جمادی الاول ۱۳۳۱ھ	جلد ۴

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ	نمبر	نام مضمون	صفحہ
	احکام اجلاس کامل		۷	دربارہ صحت وغلطی [illegible] مطبوعہ گزٹ [illegible]	۳
۱	تقرری نام عہدہ صاحبزادہ میاں [illegible]	۱		حکم صاحب سکرٹری بہادر	
۲	[illegible]	۲	۸	اضافہ [illegible] خان [illegible] اللہ خان	۳
	احکام صاحب چیف سکرٹری بہادر				
۳	دربارہ تعمیل احکامات [illegible]	۱		[illegible]	
۴	دربارہ ارسال [illegible]	۲		نقشہ [illegible]	۳
۵	تعین تاریخ [illegible]	۲		نقشہ [illegible]	۳
۶	تعین وقت [illegible]	۳			

حکم اجلاس کامل واقعہ ۲۱ نومبر ۱۹۱۲ء

آج نوٹ صاحب سکرٹری بہادر کونسل مورخہ ۱۵ نومبر ۱۹۱۲ء پیش ہو کر تجویز ہوا کہ صاحبزادہ میاں [illegible] خان کے متعلق کام جواہر خانہ و توشہ خانہ و دیگر مدات ذات خاص کا ہے اور ابتک کوئی خاص نام اونکے عہدہ کا نہیں ہے لہذا تجویز ہوا کہ اونکے عہدہ کا نام (منصرم ذات خاص) تجویز کیا جاوے آئندہ اسی نام سے اونکا عہدہ تحریرات سرکاری میں مشہور ہو مشل اجلاس صاحب سکرٹری بہادر کونسل مرسل ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ کیجاوے۔

حکم صاحب سکریٹری بہادر کونسل واقع ۱۰ر نومبر سنہ ۱۸۹۲ع

ملاحظہ ہوا روئداد ہذا درج گزٹ ہو۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل ٹانڈہ منعقدہ ۵ر نومبر سنہ ۱۸۹۲ع

منشی محمد غلام رسول خان صاحب صدر نشین کمیٹی

لالہ منوہری لعل صاحب نویس سکریٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

۱- منشی محمد رفیع محرر صفائی۔

۲- لالہ گنگا رام صاحب۔

۳- حکیم شرافت علی صاحب۔

غیر ملازمین

۱- حاجی نادر شاہ صاحب

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- عرضی چھوٹے وغیرہ خاکروبان ٹھری یادداشت منشی لیاقت حسین صاحب گرداور حفظان صحت دربارہ اضافہ چار چار آنہ فی کس خاکروب مثل دیگر تحصیلات۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صفائی میں چھ خاکروب ہیں جملہ اونکے دو خاکروب آٹھ آٹھ روپیہ بوجہ کھینچنے بھینسہ گاڑی کے پاتے ہیں اور چار خاکروبان ۲/۱۲ ماہوار فی کس پاتے ہیں۔ کام درحقیقت اس قصبہ کا زیادہ ہے اور تحصیلات میں بھی خاکروبان تین تین روپیہ ماہوار پاتے ہیں جسکی تصدیق تحریر گرداور حفظان صحت سے ہوتی ہے ایسی حالت میں ان خاکروبان کے تین تین روپیہ ماہوار ہونا مناسب ہے بنابر ترقی خاکروبان مذکورہ رپورٹ اجلاس میں صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے بھیجی جاوے۔ اور عرضی خاکروبان بھی شامل روئداد کمیٹی کیجاوے۔ صاحب صدر نشین کمیٹی نے اس رائے کو قبول و منظور کیا۔

ملاحظہ ہوا احکام آنے رپورٹ کے حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۲۰ر نومبر سنہ ۱۸۹۲ع

۲- نوٹ محرر صفائی بہ مضمون کاکڑ سکانہ درج	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ عرضی سپرد حاجی نادر شاہ صاحب و پنڈت گنگا رام صاحب ممبران کمیٹی

پشتہ و چبوترہ جدید تیار کر لیتے ہیں وسمین اندیشہ ہے اور نقصان سرکار ہے کہ شاید کسی وقت میں یہ لوگ ایزادی پشتہ و چبوترہ اپنے مکان میں ڈالیں

کی جاوے کہ حسب نشاندہی محرر کے موقع پر جائیں اور تحقیقات حسب ضابطہ کریں کہ آیا یہ پشتہ و چبوترہ جدید ہے یا قدیم اور آہنگران کا کوئی نقصان تو نہیں ہے اور کسقدر اراضی سرکاری ایزاد کرلی ہے بعد تحقیقات ممبران کمیٹی اپنی رائے آیندہ کمیٹی میں پیش کریں ۔

ملاحظہ شد ۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

---

۴۳ ۔ نوٹ صاحب صدر نشین کمیٹی ۔ عند الدریافت محرر صفائی سے معلوم ہوا کہ خاص قصبہ کی روشنی کیواسطے بارہ عدد لالٹین سرکار سے عطا ہوئی تھیں دو برس تک روشنی رہیں اور چندہ کا کچھ انتظام نہ ہو سکا لہذا واپس کر دیں گئیں اب سوقت دوکانداروں سے فہرست چندہ کیواسطے انتظام تیل وغیرہ کی مرتب کرائی گئی اور کمیٹی میں پیش کیجاتی ہے اگر ممبران کمیٹی کی رائے میں یہ فہرست چندہ بھی مناسب سمجھی جاوے تو اجلاس میں صاحب پولیٹیکل ممبر بہادر کے منظوری اور عطائے بارہ عدد لالٹین کے رپورٹ کر دیجاوے ۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ درحقیقت سرکار سے بارہ عدد لالٹین واسطے انتظام روشنی بازار قصبہ ٹانڈہ عطا ہوئی تھیں اور وہ برابر دو سال تک تحصیل میں رکھی رہیں بوجہ نہ فراہمی ہونے چندہ کے نوبت روشنی کی نہ پہونچی مجبوراً واپس کی گئیں اب سوقت جو فہرست زر چندہ مرتب کرائی گئی ہے وہ بہت مناسب ہے اسمیں انتظام تیل و نیز ایک ملازم بشاہرہ تین روپیہ ہو سکتا ہے اور دوکانداران بھی اس بار کو جو بغور دیکھا گیا تحمل ہو سکتے ہیں لہذا کمیٹی کی بالاتفاق رائے صاحب صدر نشین کمیٹی یہ ہے کہ واسطے ملنے بارہ عدد لالٹین کے اور نیز جہت منظوری اس قدر چندہ کے اجلاس صاحب پولیٹیکل ممبر بہادر میں رپورٹ کیجاوے جسوقت لالٹین آجاوینگی فوراً انتظام روشنی کا کیا جاویگا فہرست چندہ جو مرتب کرائی گئی ہے بہت مناسب ہے ۔

ملاحظہ شد بہنگام آنے رپورٹ کے حکم مناسب صادر ہوگا ۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

---

۴۴ ۔ چھپہ قصبہ کیجانب جنگل بارہ وغیرہ پر ضرورت تھی وہ بذریعہ چندہ تیار ہو گئی لیکن مساجد و چاہات کیے چھپے بنے تیار نہیں ہوئے ہیں اور وہیں بعض بعض مقام پر اسقدر پانی بھر کر پھیل جاتا ہے کہ تمام راستہ میں کیچڑ ہو جاتی ہے اور لوگ آیندہ و روندگان کو تکلیف ہوتی ہے پس چھپہ ہائے متذکرہ بالا اگر کمیٹی کی رائے ہو تو چھپہ مساجد و چاہات کے چندہ سے تیار کرائے جاویں

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ چھپہ ہائے مساجد و چاہات بھی اس قسم کے ہیں کہ اونکا پانی راستہ میں بھر کر کیچڑ وغیرہ کرتا ہے آیندہ و روندگان کو اس سے تکلیف ہوتی ہے وہ بذریعہ زر چندہ کے تیار ہونا چاہئیں حاجی نادر شاہ صاحب و پنڈت گنگا رام صاحب بالاتفاق فہرست چندہ کی مرتب کرا کے کمیٹی آیندہ میں پیش کریں اور کام چھپہ ہائے کا جو قابل ہو اوسی ٹھیکہ دار کو کہ جسنے چھپہ ہائے مذکور تیار کئے ہیں اسیوقت اسے دیدیا جاوے اور اوسکو ہدایت ہو کہ کام شروع کردے ۔

صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی قبول و منظور کیا ۔

ملاحظہ شد ۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۲۲ لغایت ۲۸ نومبر ۱۸۹۲ء

نام مقام	تفصیل پیدایش							تفصیل اموات										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایکماہ سے سال تک		۱سال سے ۱۲سال تک		۱۲سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلم	ہندو	مسلم	ہندو		مسلم	ہندو	[illegible]	//	[illegible]	//	[illegible]	//	[illegible]	//	مسلم	ہندو	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
تحصیل حضور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
شاہ آباد	۱۰	۴۱	۵	۱۵	۷۹	۲۳	۲۶	۳۴	۳۴	۰	۵	۲۳	۲۵	۵۴	۵۴	۲۹	۸۵	۰	۰	۸۰	۳۱	۱۱۱	//
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۲	۳	۱	۳	۱۱	۵	۶	۳	۰	۰	۰	۲	۶	۹	۱	۶	۴	۰	۰	۰	۱۰	۱۰	//
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۶	۵	۵	۱	۱۸	۱۲	۶	۱۰	۴	۰	۲	۹	۶	۱۹	۱۳	۱۸	۱۴	۰	۰	۰	۳۲	۳۲	///
میزان	۲۹	۴۹	۱۱	۱۹	۱۰۹	۳۰	۴۸	۴۷	۲۸	۰	۷	۳۹	۳۳	۹۵	۴۸	۵۰	۱۰۳	۰	۰	۸۰	۴۳	۱۵۳	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۲۲ لغایت ۲۸ نومبر ۱۸۹۲ء

نام جنس	خصوص تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم سرخ	۰۱۲ار	۱۳ار	۰۱۳ار	۰	۰	۱۲ار	نقشہ سوار اور بلاسپور سے نہیں آیا
نخود خالص	۰۱۴ار	۱۸ار	۰۱۸ار	۰	۰	۰	
نخود گندم آمیز	۲۰ار	۰	۱۹ار	۰	۰	۱۸ار	
جو	۰۲۰ار	۱۹ار	۲۰ار	۰	۰	۰	
ماش	۱۸ار	۲۰ار	۱۵ار	۰	۰	۱۱ار	
مونگ	۰۱۵ار	۳۰ار	۱۲ار	۰	۰	۱۴ار	
مکئی	۲۲ار	۰۲۳ار	۲۳ار	۰	۰	۲۲ار	
جئی	۰	۲۶ار	۰۲۱ار	۰	۰	۲۵ار	
کوجئی	۰	۱۵ار	۰۱۸ار	۰	۰	۱۸ار	
مسور	۲۰ار	۱۸ار	۲۰ار	۰	۰	۲۰ار	
ارہر	۲۳ار	۲۳ار	۲۰ار	۰	۰	۲۰ار	
برنج	۱۱ار	۰۱۴ار	۱۴ار	۰	۰	۱۱	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	۱ار	۰	۰	[illegible]	
روغن [illegible]	۳ار	۳ار		۰	۰	۳ار	
روغن کنجد	۲ار	۲ار	۰۲ار	۰	۰	۲ار	
نمک سانبھر	[illegible]	۰	۹ار	۰	۰	۹ار	
نمک لاہوری	[illegible]	۶ار	۶ار	۰	۰	۶ار	
قند سیاہ	۱۰ار	۹ار	۹ار	۰	۰	۹ار	